© rasailojaraid.com

ذریعے توہینِ رسالت کے مرتکب اس بدبخت مصنف ڈاکٹر سلیمان اظہر کے خلاف فوری اقدام عمل میں لایا جاوے۔ اس سے پی ایچ ڈی پر آنے والا تمام سرکاری خرچ واپس لیا جاوے۔ اس کو سرکاری ملازمت سے فوراً علیٰحدہ کیا جاوے اور توہینِ رسالت کے جرم میں اسے شرعی سزا دی جائے۔

---

نوٹ: صمدانی صاحب کے مرسلہ اصل اوراق میں انگریزی عبارات کی فوٹو نقلیں شامل ہیں۔ طباعتی ضرورت کے لیے ہم نے الگ چربے نکلوائے۔ (ادارہ)

## خط منجانب مدیر ترجمان القرآن

مکرمی ڈاکٹر سلیمان اظہر صاحب! آپ کا مضمون بیعتِ عقبہ ثانیہ اور حضرت عباسؓ درج کر دینے کے بعد یہ معلوم ہوا کہ آپ ہی وہ ڈاکٹر سلیمان اظہر ہیں، جنہوں نے ڈاکٹریٹ کا مقالہ بعنوان:

THE DEVELOPMENT OF MILITARY INTELLIGENCE IN THE CAREER OF MUHAMMAD.

لکھا۔ اور یہ بھی تفصیل سے معلوم ہوا کہ آپ کے خلاف دینی حلقوں میں شدید ناراضگی و بیزاری کی لہر اُمڈ رہی ہے۔ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ آپ کو بہاول پور یونیورسٹی سے الگ کیا جائے اور آپ پر توہینِ رسالت کا مقدمہ چلایا جائے۔ ہم بھی اس مطالبہ کی تائید کرتے ہیں۔

جہاں تک آپ کے مضمون کے جواب کا تعلق تھا تو ایک پُر تند و مدلل جواب طالب ہاشمی کے قلم سے آ رہا ہے، مگر دوسری طرف ہمیں اس بات کا صدمہ ہے کہ لاعلمی کی وجہ سے ہم نے آپ کو ترجمان القرآن کے قیمتی صفحات میں محض بہاول پور یونیورسٹی کی رعایت سے جگہ دی۔ یہ ہم سے غلطی ہوئی اور اس کا ضروری حد تک اعتذار جوابی مضمون کے نیچے درج کر دیا گیا ہے۔

لیکن مجھے حیرت ہے کہ آپ نے اپنے نام کے ساتھ سے لفظ اظہر ساقط کر کے ہمیں مغالطہ دیا۔ براہ کرم آئندہ کے لیے ہمیں معاف رکھیں۔ (مدیر)

© rasailojaraid.com